مختلف اوقات میں پڑھے جانے والے وظائف اور دعاؤں پر مشتمل مدنی گلدستہ

الوَظِیفۃُ الکَرِیْمۃ

مصنف

اعلیٰ حضرت، امام اہلِ سنت، مجدد دین وملت

مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

صبح وشام کے اَوراد و وظائف 12

سانپ، بچھو وغیرہ سے حفاظت کے لیے 14

شیطان اور اس کے لشکروں سے حفاظت کے لیے 18

دین، ایمان، جان، مال، بچے سب محفوظ ہوں 18

قرض کی ادائیگی کے لیے 19

پانچوں نمازوں کے بعد کے اوراد 22

سوتے وقت کے وظائف 30

SC 1286

مختلف اوقات میں پڑھے جانے والے وظائف اور دعاؤں پر مشتمل مدنی گلدستہ

الوَظِیفَۃُ الکَرِیمَۃ

مصنف

اعلیٰ حضرت، امام اہلِ سنت، مجدد دین وملت

مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

پیش کش

مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

(شعبۂ کتب اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ)

ناشر

مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی

الصلاۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلٰی اٰلک واصحابک یا حبیب اللہ

نام کتاب : **الوظیفۃ الکریمۃ**

مصنف : **اعلیٰ حضرت، مجددِ دین وملت امام احمد رضا خان** علیہ رحمۃ الرحمٰن

پیش کش : مجلس المدینۃ العلمیۃ شعبہ کتبِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ

سن طباعت : 14 ربیع النور 1431ھ، یکم مارچ 2010ء

ناشر : مکتبۃ المدینہ فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ کراچی

قیمت :

مکتبۃ المدینہ کی شاخیں

مکتبۃ المدینہ شہید مسجد کھارادر باب المدینہ کراچی

مکتبۃ المدینہ دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ مرکز الاولیاء لاہور

مکتبۃ المدینہ اصغر مال روڈ نزد عیدگاہ، راولپنڈی

مکتبۃ المدینہ امین پور بازار، سردار آباد (فیصل آباد)

مکتبۃ المدینہ نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ مدینۃ الاولیاء ملتان

مکتبۃ المدینہ فیضانِ مدینہ آفندی ٹاؤن، حیدر آباد

مکتبۃ المدینہ چوک شہیداں میر پور کشمیر

E.mail:ilmia26@yahoo.com

www.dawateislami.net

فہرس

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
1	الوظیفۃ الکریمۃ پڑھنے کی نیتیں	4
2	پیش لفظ	8
3	خطبہ (از مولانا حامد رضا خان علیہ رحمۃ اللہ المنان)	10
4	صبح وشام کی تعریف	12
5	صبح وشام پڑھنے کے اوراد	12
6	صبح پڑھنے کے اوراد	21
7	پانچوں نمازوں کے بعد کے اوراد	22
8	نمازِ صبح وعصر کے بعد کے اوراد	25
9	نمازِ صبح کے بعد کے اوراد	25
10	نمازِ مغرب کے بعد کے اوراد	26
11	رات میں پڑھنے کے اوراد	27
12	بعد نمازِ عشاء کے اوراد	28
13	سوتے وقت کے عملیات	30
14	بیدار ہونے پر پڑھنے کے اوراد	34
15	تہجد	34
16	ذکرِ چہار ضربی	35
17	ذِکرِ خفی	36
18	پاسِ انفاس	37
19	تصورِ شیخ	37
20	مآخذ ومراجع	39

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

”اللہ کو بہت یاد کرو“ کے پندرہ حُروف کی نسبت سے اس کتاب کو پڑھنے کی ”15 نیّتیں“

فرمانِ مصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم: ”اچھی نیّت بندے کو جنّت میں داخل کر دیتی ہے۔“

(الجامع الصغیر للسیوطی، الحدیث ۹۳۲٦، ص ۵۵۷، دار الکتب العلمیة بیروت)

دو مَدَنی پھول: ﴿1﴾ بغیر اچھی نیّت کے کسی بھی عملِ خیر کا ثواب نہیں ملتا۔
﴿2﴾ جتنی اچھی نیّتیں زِیادہ، اُتنا ثواب بھی زِیادہ۔

﴿1﴾ ہر بار حَمد و ﴿2﴾ صلوٰۃ اور ﴿3﴾ تعوُّذ و ﴿4﴾ تَسمِیہ سے آغاز کروں گا (اسی صَفْحہ پر اُوپر دی ہوئی دو عَرَبی عبارات پڑھ لینے سے چاروں نیّتوں پر عمل ہو جائے گا) ﴿5﴾ حَتَّی الْوَسْع اِس کا باوُضُو اور ﴿6﴾ قبلہ رُو مُطالَعہ کروں گا ﴿7﴾ ذکر اللہ کی فضیلت حاصل کروں گا ﴿8﴾ کچھ نہ کچھ اوراد کو اپنا معمول بناؤں گا (بالخصوص نمازوں کے بعد کے اوراد) ﴿9﴾ جہاں ”اللّٰہ“ کا نام پاک آئے گا وہاں عَزَّوَجَلَّ اور ﴿10﴾ جہاں جہاں ”سرکار“ کا اِسمِ مبارک آئے گا وہاں صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم پڑھوں گا ﴿11﴾ جو مسئلہ سمجھ میں نہیں آئے گا اس کیلئے آیتِ کریمہ: ”فَسْـَٔلُوْۤا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾“
ترجمۂ کنز الایمان: ”تو اے لوگو علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں۔“ (پ ۱٤، النحل: ٤۳)
پر عمل کرتے ہوئے عُلَماء سے رُجوع کروں گا ﴿12﴾ اوراد پڑھنے سے پہلے کسی سنی قاری یا عالم کو سنا کر اپنے مخارج کی درستی کروں گا ﴿13﴾ ہر ورد کے اوّل آخر کم از کم ایک بار

درود شریف پڑھوں گا ﴿14﴾ تمام امت کو اس کا ایصالِ ثواب کروں گا ﴿15﴾ کتابت وغیرہ میں شَرعی غلَطی ملی تو ناشرین کو تحریری طور پر مُطَّلع کروں گا۔ (ناشِرین ومصنّف وغیرہ کو کتابوں کی اَغلاط صِرف زبانی بتانا خاص مفید نہیں ہوتا)

اچھی اچھی **نیّتوں** سے متعلق رَہنمائی کیلئے، **امیرِ اہلسنّت** دامت بَرَکاتُہم العالیہ کا سنّتوں بھرا بیان **"نیّت کا پھل"** اور نیتوں سے متعلق آپ کے مُرتّب کردہ **کارڈ** اور **پمفلٹ مکتبۃ المدینہ** کی کسی بھی شاخ سے ھدِیّۃً طلب فرمائیں۔

عمامہ اور سائنس

جدید سائنسی تحقیق کے مطابق مستقل طور پر **عمامہ شریف** سجانے والا خوش نصیب مسلمان **فالج** اور خون کی وجہ سے جنم لینے والی بعض بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے کیونکہ **عمامہ شریف** سجانے کی برکت سے دماغ کی طرف جانے والی خون کی بڑی بڑی نالیوں میں خون کا دباؤ صرف ضرورت کی حد تک رہتا ہے اور غیر ضروری خون دماغ تک نہیں پہنچ پاتا لہٰذا امریکہ میں **فالج** کے علاج کے لیے عمامہ نما "ماسک" (Mask) بنایا گیا ہے۔ (مدنی پنج سورہ (از امیر اہلِ سنت دامت برکاتہم العالیہ)، ص ۱۳)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

المدینۃ العلمیۃ

از: شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علاّمہ
مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطار** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَلٰی اِحْسَانِہٖ وَبِفَضْلِ رَسُوْلِہٖ صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم
تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **"دعوتِ اسلامی"** نیکی کی دعوت، اِحیائے سنّت اور اشاعتِ علمِ شریعت کو دنیا بھر میں عام کرنے کا عزمِ مُصمّم رکھتی ہے، اِن تمام اُمور کو بحسنِ خوبی سرانجام دینے کے لئے متعدَّد مجالس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جن میں سے ایک مجلس "**المدینۃ العلمیۃ**" بھی ہے جو **دعوتِ اسلامی** کے عُلماء و مُفتیانِ کرام کَثَّرَ ھُمُ اللّٰہُ تعالٰی پر مشتمل ہے، جس نے خالص علمی، تحقیقی اور اشاعتی کام کا بیڑا اٹھایا ہے۔ اس کے مندرجہ ذیل چھ شعبے ہیں:

﴿۱﴾ شعبۂ کُتُبِ اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ ﴿۲﴾ شعبۂ درسی کُتُب
﴿۳﴾ شعبۂ اصلاحی کُتُب ﴿۴﴾ شعبۂ تراجمِ کتب
﴿۵﴾ شعبۂ تفتیشِ کُتُب ﴿۶﴾ شعبۂ تخریج

"**المدینۃ العلمیۃ**" کی اوّلین ترجیح سرکارِ اعلیٰحضرت اِمامِ اَہلسنّت، عظیم البرکت، عظیم المرتبت، پروانۂ شمعِ رِسالت، مُجدِّدِ دین ومِلّت، حامیٔ سنّت، ماحیٔ

بدعت، عالمِ شریعت، پیرِ طریقت، باعثِ خَیر و بَرَکت، حضرتِ علّامہ مولٰینا الحاج الحافِظ القاری شاہ امام اَحمد رَضا خان عَلَیہِ رَحمَۃُ الرَّحمٰن کی گِراں مایہ تصانیف کو عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق حتَّی الوَسع سَہل اُسلوب میں پیش کرنا ہے۔تمام اسلامی بھائی اوراسلامی بہنیں اِس علمی، تحقیقی اوراشاعتی مدنی کام میں ہر ممکن تعاون فرمائیں اور مجلس کی طرف سے شائع ہونے والی کُتُب کا خود بھی مطالعہ فرمائیں اور دوسروں کو بھی اِس کی ترغیب دلائیں۔

اللہ عزوجل ''**دعوتِ اسلامی**'' کی تمام مجالس بَشُمُول ''**المدینة العلمیة**'' کو دن گیارہویں اور رات بارہویں ترقّی عطا فرمائے اور ہمارے ہر عملِ خیر کو زیورِ اخلاص سے آراستہ فرما کر دونوں جہاں کی بھلائی کا سبب بنائے۔ہمیں زیرِ گنبدِ خضرا شہادت، جنّت البقیع میں مدفن اور جنّت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم

رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ

پیش لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ

فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

قرآن کریم میں اللہ عزوجل کا ارشاد عالیشان ہے:

فَاِذَا قَضَیْتُمُ الصَّلٰوۃَ فَاذْکُرُوا اللّٰہَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا (پ ۵، النسآء : ۱۰۳)

ترجمۂ کنز الایمان: پھر جب تم نماز پڑھ چکو تو اللہ کی یاد کرو کھڑے اور بیٹھے۔

صدرُ الاَ فاضل حضرت علامہ مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی علیہ رحمۃ اللہ الہادی اس آیہ مبارکہ کے تحت خزائن العرفان میں فرماتے ہیں: ''یعنی ذکرِ الٰہی کی ہر حال میں مداومت کرو اور کسی حال میں اللہ عزوجل کے ذکر سے غافل نہ رہو۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہر فرض کی ایک حد مُعَیَّن فرمائی سوائے ذِکر کے، اس کی کوئی حد نہ رکھی، فرمایا: ذکر کرو کھڑے بیٹھے، کروٹوں پر لیٹے، رات میں ہو یا دن میں، خشکی میں ہو یا تری میں، سفر میں اور حضر میں، غناء میں اور فقر میں، تندرستی اور بیماری میں، پوشیدہ اور ظاہر۔''

مکی مدنی سلطان، رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ عزوجل کے نزدیک سب سے پسندیدہ عمل یہ ہے کہ تمہاری موت اس حال میں آئے کہ تمہاری زبان اللہ عزوجل کے ذکر سے تر ہو۔'' (الجامع الصغیر للسیوطی، الحدیث: ۱۹۸، ص ۱۹)

سرکارِ مدینہ قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نزولِ سکینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے دن کی ابتداء کسی اچھے کام سے کی اور اپنے دن کو اچھے کام ہی پر ختم کیا تو اللہ عزوجل اپنے فرشتوں سے فرمائے گا: ''ان دونوں کے درمیان جو گناہ (صغیرہ) ہیں انہیں مت لکھو۔''

(الجامع الصغیر للسیوطی، الحدیث: ۸۴۲۳، ص ۵۱۳)

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! قرآن وحدیث میں ذِکرُ اللہ کی بہت تاکید فرمائی گئی ہے اور اسکے فضائل بے شمار ہیں، انسان کو چاہیے کہ وہ اپنے دل اور زبان کو ذکرِ الٰہی میں مشغول

رکھےاور کسی سختی و پریشانی میں بھی اس سے غافل نہ ہو۔ ہمارے بزرگان دین رحمہم اللہ المبین نے اپنی زندگیاں اللہ عزوجل کے ذکر میں گزاریں اور اپنے متعلقین کو بھی فرائض وواجبات کی پابندی کے ساتھ ساتھ ہر وقت اللہ عزوجل کے ذکر میں مشغول رہنے کی تاکید و تلقین فرماتے رہے، بلکہ امت کی خیر خواہی کے مقدس جذبے کے تحت انہوں نے قرآن وحدیث اور دیگر روایات کی روشنی میں مختلف اذکار کو جمع کر دیا اور صبح وشام اور دن رات میں ان کو مخصوص تعداد میں پڑھنے کی ترغیب دلائی تاکہ ان پر عمل کرنے والوں کے دلوں کی جلا ہو اور انہیں دنیا وآخرت کی بھلائیاں نصیب ہوں۔ اعلیٰ حضرت، مجدد دین وملت مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ اللہ المنان نے بھی اَوراد ووَظائف کا ایک مجموعہ مرتب فرمایا جو **"الوظیفۃ الکریمۃ"** کے نام سے مشہور ہے جس میں آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے صبح وشام اور پانچوں نمازوں کے بعد کے وِردو وظائف اور انکے فضائل تحریر فرمائے ہیں اور ساتھ ہی ذکرِ خفی کے پانچ مخصوص طریقے بھی ذکر کر دیئے ہیں نیز آخر میں تصورِ شیخ کا طریقہ بھی ارشاد فرما دیا ہے، اللہ عزوجل ہمیں ان اوراد سے مستفید ہونے کی توفیق رفیق مرحمت فرمائے اور فیضانِ اولیاء سے ہمیں مالا مال فرمائے۔ آمین

الحمدللہ! عزوجل تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **"دعوتِ اسلامی"** کی مجلس " المدینۃ العلمیۃ " کے مدنی علماء دامت فیوضہم نے اس مجموعہ کو بھی جدید انداز میں پیش کرنے کی سعی کی اور اس غرض سے تمام اوراد کی حتی المقدور اصل مصادر سے تطبیق کی اور حواشی کی صورت میں ان کے حوالہ جات اور ساتھ ہی ان دعاؤں کا ترجمہ بھی تحریر کر دیا ہے۔ اللہ عزوجل علماء کرام دامت فیوضہم کی اس محنت پر انہیں بہترین جزا عطا فرمائے اور ان کے علم وعمل میں برکتیں دے اور دعوتِ اسلامی کی مجلس " المدینۃ العلمیۃ " اور دیگر مجالس کو دن گیارھویں رات بارھویں ترقی عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وسلم

شعبۂ کتب اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ علیہ مجلس المدینۃ العلمیۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حَامِدًا لِّمَنْ جَعَلَ الدُّعَآءَ عِبَادَۃً بَلْ مُخَّ الْعِبَادَۃِ وَ اَمَرَ بِاُدْعُوْنِیْ عِبَادَہٗ وَ اَلْزَمَہٗ بِوَعْدِہِ الْاِجَابَۃَ وَمَنْ دَعَا رَبَّہٗ لَبَّیْکَ یَا عَبْدِیْ اَجَابَہٗ قَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ وَ اِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَاِنَّہٗ سَمِیْعٌ مُّجِیْبٌ وَّ مُصَلِّیًا وَّ مُسَلِّمًا عَلٰی مَنِ اخْتَبَأَ دَعْوَتَہُ الْمُسْتَجَابَۃَ لِیَوْمِ الْمَثَابَۃِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ مَا انْھَلَّ الدِّیَمُ مِنَ السَّحَابَۃِ ط اٰمِیْن

حمد (1) اُس کے وجہِ کریم کو جس نے ہمیں مولائے عالم، والیٔ اعظم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بندگانِ بارگاہِ عالم پناہ میں کیا، ہمارے ہاتھ میں حضور پُر نور سیدنا غوثُ الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دامنِ کرم دیا، اپنے اولیا، ہمارے مشائخ سلسلہ خصوصاً ہمارے آقا و مولیٰ حضور سیدنا اعلیٰ حضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سایۂ رحمت ہم پر دراز کیا، جنہوں نے ہم تک پہنچایا کہ تمہارا حیا والا ربِ کریم حیا فرماتا ہے کہ بندہ اس کے حضور

---

1 ......حضور پُر نور سیدنا اعلیٰ حضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بطورِ تمہید کچھ تحریر فرمانا چاہا تھا مگر وہ جواہر زَواہر مثلِ دُرِ مکنون سینۂ اقدس میں مخزون رہے دل نے نہ چاہا کہ ان الفاظِ کریمہ سے ایک حرف بھی کم ہو، انہیں بجنسہٖ نقل کر کے کہ یہ یہیں تک تھے، جو فہم قاصر میں آیا ہدیۂ ناظرین کیا، اس رسالہ کا نام بھی کچھ نہ تجویز فرمایا تھا، تاریخی نام اور خطبہ فقیر نے اضافہ کیا۔

گدائے آستانہ قدسیہ رضویہ فقیر محمد حامد رضا قادری غفرلہ (ورحمۃ اللہ علیہ)

ہاتھ پھیلائے اور وہ خالی ہاتھ پھیر دے، ہمیں خود حکمِ دعا دیا اور اپنے کرم سے اجابت کو لازم فرمایا:

فَعَلَیْکُمْ بِالدُّعَآءِ فَاِنَّ الدُّعَآءَ یَرُدُّ الْقَضَآءَ بَعْدَ اَنْ یُّبْرَمَ

بارگاہِ کرم سیّدِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے حضور پُر نور سیدنا اعلیٰ حضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھوں جو مبارک دعائیں ہمیں پہنچیں اور جو اَذکار و اَشغال دُرِّ مَکنُون کی طرح خاندانِ عالیہ میں مخزون تھے، برادرانِ اہلسنت وخواجہ تاشانِ قادریت ورضویت کے لیے شائع کرتے اور دعوے سے کہتے ہیں کہ ان کا عامل دین و دنیا کی نعمتوں سے مالا مال ہوگا، ہر بلا وآفت سے محفوظ رہے گا، مولیٰ تعالیٰ ان کی برکات سے تمام اہلِ سنت کو مستفیض فرمائے۔ آمین آمین!

گدائے آستانہ قدسیہ رضویہ فقیر محمد حامد رضا قادری غفرلہ (ورحمۃ اللہ علیہ)

دعوتِ اسلامی کے **سنتوں کی تربیت** کے **مدنی قافلوں** میں سفر اور روزانہ **فکرِ مدینہ** کے ذریعے **مدنی انعامات کا کارڈ** پُر کرکے ہر **مدنی ماہ** کے دس دن کے اندر اندر اپنے یہاں کے ذمہ دار کو جمع کروانے کا معمول بنا لیجئے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کی برکت سے **پابندِ سنّت** بننے، گناہوں سے نفرت کرنے اور **ایمان کی حفاظت** کے لئے کُڑھنے کا ذہن بنے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صبح و شام دونوں وقت

آدھی رات ڈھلے سے سورج کی کرن چمکنے تک صبح ہے، اس بیچ میں جس وقت ان دعاؤں کو پڑھ لے گا صبح میں پڑھنا ہوگیا، یوں ہی دوپہر ڈھلنے سے غروبِ آفتاب تک شام ہے۔

﴿1﴾ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَ مَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا [1] ایک ایک بار

﴿2﴾ آیۃُ الکُرسی [2] ایک ایک بار

---

1 ...... ترجمہ: پاک ہے اللہ عزوجل اپنی تعریف کے ساتھ، نیکی کی توفیق اللہ عزوجل ہی کی طرف سے ہے، جو اس نے چاہا وہی ہوا اور جو نہ چاہا وہ نہ ہوا، میں جانتا ہوں کہ اللہ عزوجل سب کچھ کرسکتا ہے، اللہ عزوجل کا علم ہر چیز کو محیط ہے۔

2 ...... اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۬ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗۤ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْہِمْ وَ مَا خَلْفَہُمْ ۚ وَ لَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ وَ لَا یَـُٔوْدُہٗ حِفْظُہُمَا ۚ وَ ہُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ﴿۲۵۵﴾ (پ۳، البقرۃ: ۲۵۵)

ترجمۂ کنزالایمان: اللہ ہے جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ آپ زندہ اور اوروں کا قائم رکھنے والا اسے نہ اونگھ آئے نہ نیند اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں وہ کون ہے جو اسکے یہاں سفارش کرے بے اسکے حکم کے جانتا ہے جو کچھ انکے آگے ہے اور جو کچھ انکے پیچھے اور وہ نہیں پاتے اسکے علم میں سے مگر جتنا وہ چاہے اسکی کرسی میں سمائے ہوئے ہیں آسمان اور زمین اور اسے بھاری نہیں انکی نگہبانی اور وہی ہے بلند بڑائی والا

اور اس کے بعد بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۙ﴿۲﴾ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ۙ ذِی الطَّوْلِ ط لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ ﴿۳﴾ (1) ایک ایک بار

﴿3﴾ تینوں "قُلْ" (2) تین تین بار

ان تینوں نمبروں کا فائدہ ہر بلا سے محفوظی ہے، صبح پڑھے تو شام تک اور شام

---

1 ...... ترجمۂ کنز الایمان: اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا یہ کتاب اتارنا ہے اللہ کی طرف سے جو عزت والا علم والا گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا سخت عذاب کرنے والا بڑے انعام والا اسکے سوا کوئی معبود نہیں اسی کی طرف پھرنا ہے۔

(پ ۲٤، المؤمن: ۱۔۳)

2 ...... قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ﴿۳﴾ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾ ع (پ ۳۰، الاخلاص)

ترجمۂ کنز الایمان: تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾ ع (پ ۳۰، الفلق)

ترجمۂ کنز الایمان: تم فرماؤ میں اسکی پناہ لیتا ہوں جو صبح کا پیدا کرنے والا ہے اسکی سب مخلوق کے شر سے اور اندھیری ڈالنے والے کے شر سے جب وہ ڈوبے اور ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکتی ہیں اور حسد والے کے شر سے جب وہ مجھ سے جلے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۬ الْخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾ ع (پ ۳۰، الناس)

ترجمۂ کنز الایمان: تم کہو میں اسکی پناہ میں آیا جو سب لوگوں کا رب سب لوگوں کا بادشاہ سب لوگوں کا خدا اسکے شر سے جو دل میں بُرے خطرے ڈالے اور دبک رہے وہ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں جن اور آدمی۔

پڑھے تو صبح تک۔(1)

﴿4﴾ بِسْمِ اللّٰہِ مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا یَسُوْقُ الْخَیْرَ اِلَّا اللّٰہُ مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا یَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا اللّٰہُ مَا شَآءَ اللّٰہُ مَا کَانَ مِنْ نِّعْمَۃٍ فَمِنَ اللّٰہِ مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ (2) تین تین بار

اس کا فائدہ سات چیزوں سے پناہ: ﴿1﴾ جلنا ﴿2﴾ ڈوبنا ﴿3﴾ چوری ﴿4﴾ سانپ ﴿5﴾ بچھو ﴿6﴾ شیطان ﴿7﴾ سلطان۔(3)

صبح سے شام تک اور شام سے صبح تک۔

﴿5﴾ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (4) تین تین بار

سانپ، بچھو وغیرہ موذیات سے پناہ ہو۔(5)

﴿6﴾ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ

---

1 ......سنن ابی داود، کتاب الادب، باب مایقول اذا اصبح،الحدیث:٥٠٨٢،٥٠٥٧، ج٤، ص٤١٤،٤١٦ وسنن الترمذی، کتاب فضائل القرآن، باب ما جاء فی فضل سورۃ البقرۃ وآیۃ الکرسی،الحدیث:٢٨٨٨، ج٤،ص٤٠٢

2 ......ترجمہ: اللہ عزوجل کے نام سے مَاشَآءَ اللّٰہُ خیر اور بھلائی صرف اللہ عزوجل ہی عطا فرماتا ہے مَاشَآءَ اللّٰہُ برائی اور مصیبت کو صرف اللہ عزوجل ہی دور فرماتا ہے مَاشَآءَ اللّٰہُ ہر نعمت اللہ عزوجل کی طرف سے ہے مَاشَآءَ اللّٰہُ گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی توفیق اللہ عزوجل ہی کی طرف سے ہے۔

3 ......الدر المنثور، سورۃ الکھف، تحت الآیۃ: ٨٢، ج٥، ص ٤٣٤

4 ......ترجمہ: میں اللہ عزوجل کے پورے اور کامل کلمات کے ساتھ مخلوق کے شر سے پناہ لیتا ہوں۔

5 ......سنن الترمذی، کتاب الدعوات، باب فی الاستعاذۃ، الحدیث:٣٦١٦، ج٥، ص٣٤٦

وَ ھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ (1) تین تین بار

زہر وضرر سے امان رہے۔

﴿7﴾ رَضِیۡتُ بِاللہِ رَبًّا وَّ بِالۡاِسۡلَامِ دِیۡنًا وَّ بِسَیِّدِنَا وَ مَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَ سَلَّمَ نَبِیًّا وَّ رَسُوۡلًا (2) تین تین بار

اللہ عزوجل کے کرم پر حق ہے کہ روزِ قیامت اسے راضی کرے۔ (3)

﴿8﴾ حَسۡبِیَ اللہُ ۖ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَ ھُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ ﴿۱۲۹﴾ (4) دس دس بار

ہر بلا ومکر سے محفوظی، حدیث میں سات بار فرمایا۔ (5) حضور سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دس بار آیا، فقیر کا اسی پر عمل ہے، اسے بحمد اللہ تعالیٰ تمام مقاصد کے لئے کافی پایا۔

﴿9﴾ فَسُبۡحٰنَ اللہِ حِیۡنَ تُمۡسُوۡنَ وَحِیۡنَ تُصۡبِحُوۡنَ ﴿۱۷﴾ وَلَہُ الۡحَمۡدُ فِی السَّمٰوٰتِ

---

1 ...... ترجمہ: اللہ عزوجل کے نام سے، جس کے نام سے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی نہ زمین میں اور نہ آسمان میں اور وہی ہے سننے اور جاننے والا۔

(سنن ابی داود، کتاب الادب، باب مایقول اذا اصبح، الحدیث: ۵۰۸۸، ج۴، ص۴۱۸)

2 ...... ترجمہ: میں اللہ عزوجل کے رب، اسلام کے دین اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے نبی اور رسول ہونے پر راضی ہوں۔

3 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الدعاء، باب ما یستحب ان یدعوا بہ اذا اصبح، الحدیث: ۸، ج۷، ص۴۱

4 ......ترجمۂ کنز الایمان: مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کسی کی بندگی نہیں، میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔ (پ ۱۱، التوبۃ: ۱۲۹)

5 ......الدر المنثور، سورۃ التوبۃ، تحت الآیۃ: ۱۲۹، ج ۴، ص ۳۳۴

وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّ حِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾ (1) ایک ایک بار

جس سے کسی دن سب وظائف رہ جائیں تو یہ تنہا ان سب کی جگہ کافی ہے

نیز رات دن کے ہر نقصان کی تلافی ہے۔

﴿10﴾ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا ختم سورۃ تک (2) ایک ایک بار

شیطان و جن و آفات سے محفوظی۔

---

(1)...... ترجمۂ کنز الایمان: تو اللہ کی پاکی بولو جب شام کرو اور جب صبح ہو اور اسی کی تعریف ہے آسمانوں اور زمین میں اور کچھ دن رہے اور جب تمہیں دوپہر ہو وہ زندہ کو نکالتا ہے مردے سے اور مردے کو نکالتا ہے زندہ سے اور زمین کو جلاتا ہے اس کے مرے پیچھے اور یونہی تم نکالے جاؤ گے۔(پ ۲۱، الروم: ۱۷۔ ۱۹)

(الدر المنثور، سورة الروم، تحت الآية: ۱۷، ج٦، ص٤٨٩)

(2)...... اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

(پ۱۸، المؤمنون: ۱۱۵۔۱۱۸)

ترجمۂ کنز الایمان: تو کیا یہ سمجھتے ہو کہ ہم نے تمہیں بیکار بنایا اور تمہیں ہماری طرف پھرنا نہیں تو بہت بلندی والا ہے اللہ سچا بادشاہ کوئی معبود نہیں سوا اس کے عزت والے عرش کا مالک اور جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے خدا کو پوجے جس کی اس کے پاس کوئی سند نہیں تو اس کا حساب اس کے رب کے یہاں ہے بیشک کافروں کو چھٹکارا نہیں اور تم عرض کرو اے میرے رب بخش دے اور رحم فرما اور تو سب سے برتر رحم کرنے والا۔

﴿11﴾ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ (1) تین بار پھر ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ سورۂ حشر کی اٰخیر تین آیتیں (2) ایک بار صبح پڑھے تو شام تک ستر ہزار فرشتے اس کے لئے استغفار کریں اور اس دن مرے تو شہید ہو اور شام کو پڑھے تو صبح تک یہی حکم ہے۔ (3)

﴿12﴾ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ نُّشْرِکَ بِکَ شَیْئًا نَّعْلَمُہٗ وَ نَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا نَعْلَمُہٗ (4) تین تین بار، خاتمہ ایمان پر ہو۔

﴿13﴾ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَ وُلْدِیْ وَ اَھْلِیْ وَ مَالِیْ (5) تین

---

1 ...... ترجمہ: میں اللہ سمیع علیم کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔

2 ...... ھُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ۚ ھُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾ ھُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ﴿۲۳﴾ ھُوَاللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ؕ یُسَبِّحُ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ﴿۲۴﴾ ع (پ ۲۸، الحشر: ۲۲۔۲۴)

ترجمۂ کنزالایمان: وہی اللہ ہے جسکے سوا کوئی معبود نہیں ہر نہاں و عیاں کا جاننے والا وہی ہے بڑا مہربان رحمت والا وہی ہے اللہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں بادشاہ نہایت پاک سلامتی دینے والا امان بخشنے والا حفاظت فرمانے والا عزت والا عظمت والا تکبّر والا اللہ کو پاکی ہے انکے شرک سے وہی ہے اللہ بنانے والا پیدا کرنے والا ہر ایک کو صورت دینے والا اسی کے ہیں سب اچھے نام اسکی پاکی بولتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہی عزت و حکمت والا ہے۔

3 ...... سنن الترمذی، کتاب فضائل القرآن، الحدیث: ۲۹۳۱، ج ٤، ص ۴۲۳

4 ...... ترجمہ: اے اللہ عزوجل ہم تیری پناہ مانگتے ہیں اس بات سے کہ جان بوجھ کر کسی شے کو تیرا شریک بنائیں اور ہم بخشش مانگتے ہیں تجھ سے اس (شرک) کی جس کو ہم نہیں جانتے۔

(المسند للامام احمد بن حنبل، مسند الکوفیین، الحدیث: ۱۹۶۲۵، ج ۷، ص ۱۴۶)

5 ...... ترجمہ: اللہ عزوجل کے نام کی برکت سے میرے دین، جان، اولاد اور اہل و مال کی حفاظت ہو۔

تین بار

دین، ایمان، جان، مال، بچے سب محفوظ رہیں۔[1]

﴿14﴾ اَللّٰھُمَّ مَآ اَصْبَحَ بِیْ مِنْ نِّعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ [2] ایک ایک بار

صبح کو کہے تو دن بھر کی سب نعمتوں کا شکر ادا کیا اور شام کو پڑھے تو شب بھر کی۔[3] شام کو" اَصْبَحَ " کی جگہ " اَمْسٰی " کہے۔

فقیر اس کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ [4] زائد کرتا ہے۔

﴿15﴾ بِسْمِ اللهِ جَلِیْلِ الشَّاْنِ عَظِیْمِ الْبُرْھَانِ شَدِیْدِ السُّلْطَانِ مَا شَآءَ اللهُ کَانَ، اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ [5] ایک ایک بار

شیطان اور اس کے لشکروں سے محفوظ رہے۔[6]

﴿16﴾ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَصْبَحْتُ اُشْھِدُكَ وَاُشْھِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلٰٓئِكَتَكَ

---

1 ......فیض القدیر شرح الجامع الصغیر، الحدیث: ٦١٣٩، ٦١٤٠، ج٤، ص٦٨٣

2 ......ترجمہ: یااللہ! عزوجل میں نے یا تیری مخلوق میں سے کسی نے جن نعمتوں کے ساتھ صبح کی تو وہ تیری ہی طرف سے ہیں تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں، تمام تعریفیں اور شکر تیرے لئے ہیں۔

3 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی تعدید نعم اللّٰہ... الخ، الحدیث: ٤٣٦٨، ج٤، ص٨٩

4 ......ترجمہ: کوئی معبود نہیں سوا تیرے، پاکی ہے تجھ کو بیشک مجھ سے بے جا ہوا۔

5 ......ترجمہ: اللہ جلیل الشان، عظیم البرہان، شدید السلطان کے نام سے ابتداء، جو اللہ عزوجل چاہتا ہے وہی ہوتا ہے، میں پناہ مانگتا ہوں اللہ عزوجل کی شیطان مردود سے۔

6 ......فردوس الاخبار للدیلمی، باب المیم، الحدیث: ٦٤٥٩، ج٢، ص٣١٦

وَ جَمِیْعَ خَلْقِكَ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَ رَسُوْلُكَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ [1] چار چار بار ہر بار چہارم حصہ بدن دوزخ سے آزاد ہو۔ [2] شام کو "اَصْبَحْتُ" کی جگہ "اَمْسَیْتُ" کہے۔

﴿17﴾ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِمًا مَّعَ دَوَامِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَّعَ خُلُوْدِكَ وَ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ مَشِیْئَتِكَ وَ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَیْنٍ وَّ تَنَفُّسِ كُلِّ نَفْسٍ [3] ایک ایک بار، گویا اس نے اس دن رات پوری عبادت کا حق ادا کیا۔ [4]

﴿18﴾ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَ الْحُزْنِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَ الْكَسَلِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَ الْبُخْلِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَ قَهْرِ الرِّجَالِ [5] ایک ایک بار، غم و الم سے بچے، ادائے قرض کیلئے گیارہ گیارہ بار

---

1 ...... ترجمہ: اے اللہ! عزوجل میں نے صبح کی، تجھے اور تیرے عرش کے اٹھانے والوں اور تیرے فرشتوں اور تیری ساری مخلوق کو گواہ بناتے ہوئے کہ اللہ صرف تو ہی ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تیرے بندے اور رسول ہیں۔

2 ...... سنن ابی داود، کتاب الادب، باب مایقول اذا اصبح، الحدیث: ٥٠٦٩، ج٤، ص ٤١٢

3 ...... ترجمہ: اے اللہ! عزوجل تیرے لیے دائمی حمد ہے تیرے دوام کے ساتھ اور تیرے لیے ہمیشہ رہنے والی حمد ہے تیری ہمیشگی کے ساتھ اور تیرے لئے ایسی حمد ہے جس کی تیری مشیت کے سوا کوئی انتہاء نہ ہو اور ہر لمحہ اور ہر سانس تیرے لئے ہی ہے ہر حمد۔

4 ...... المعجم الاوسط للطبرانی، من اسمه محمد، الحدیث: ٥٥٣٨، ج٤، ص ١٥٢ بالتغیر

5 ...... ترجمہ: اے اللہ! عزوجل میں غم و الم، عجز و سستی، بزدلی و بخل، قرضے کے غلبے اور لوگوں کے قہر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

پڑھے۔[1]

﴿19﴾ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ فَلَا تَكِلْنِیْۤ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ [2] ایک ایک بار، سب کام بنیں۔

﴿20﴾ اَللّٰھُمَّ خِرْ لِیْ وَ اخْتَرْ لِیْ وَ لَا تَكِلْنِیْۤ اِلٰۤی اِخْتِیَارِیْ [3] سات سات بار، دن رات کے ہر کام کے لئے استخارہ ہے۔

﴿21﴾ سَیِّدُ الْاِ سْتِغْفَار ایک ایک یا تین تین بار، گناہ معاف ہوں اور اس دن رات میں مرے تو شہید، وہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ وَ اَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَ اَبُوْٓءُ لَكَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّاۤ اَنْتَ [4]

---

1 ......سنن ابی داود، کتاب الصلوة، کتاب الوتر، باب فی الاستعاذة، الحدیث:١٥٥٥، ج٢، ص١٣٣

2 ......ترجمہ: اے حی! اے قیوم! تیری رحمت کے ساتھ میں تجھ سے فریاد کرتا ہوں کہ ایک پل کیلئے بھی مجھے میرے نفس کے سپرد نہ کرنا اور میرے تمام حال کو درست کر دے۔

3 ......ترجمہ: اے اللہ عزوجل میرے لیے بہتر معاملہ مقدر فرما اور اس میں بھلائی عطا فرما اور مجھے میرے نفس کے سپرد نہ فرما۔

(کشف الخفاء، حرف الخاء المعجمة، الحدیث:١٢٧٤، ج١، ص٣٥٢)

4 ......ترجمہ: الٰہی عزوجل تو میرا رب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور بقدر طاقت تیرے عہد و پیمان پر قائم ہوں میں اپنے کئے کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور تیری نعمت کا جو مجھ پر ہے اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں مجھے بخش دے کہ تیرے سوا کوئی گناہ نہیں بخش سکتا۔

(السنن الکبریٰ للنسائی، کتاب عمل الیوم واللیلة، الحدیث: ١٠٤١٧، ج٦، ص١٥٠ وعمل الیوم واللیلة لابن السنی، باب مایقول اذا اصبح، الحدیث:٤٣، ص٢٢)

فقیر اس کے بعد اتنا زائد کرتا ہے: وَاغۡفِرۡ لِکُلِّ مُؤۡمِنٍ وَّ مُؤۡمِنَۃٍ (1) اور اپنے جس فعل سے کسی ضرر کا اندیشہ ہوتا ہے مولیٰ تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے۔

﴿22﴾ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الۡمَلِکُ الۡحَقُّ الۡمُبِیۡنُ (2) سو سو بار

دنیا میں فاقہ نہ ہو، قبر میں وحشت نہ ہو، حشر میں گھبراہٹ نہ ہو۔ (3)

صرف صبح

﴿1﴾ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَلَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ (4)

ہر کام بنے، شیطان سے محفوظ رہے۔ (5)

﴿2﴾ سورۂ اخلاص (6) گیارہ بار، اگر شیطان مع اپنے لشکر کے کوشش کرے کہ اس سے گناہ کرائے نہ کرا سکے جب تک کہ یہ خود نہ کرے۔ (7)

﴿3﴾ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ (8) اکتالیس بار

اس کا دل زندہ رہے گا اور خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

---

1 ......ترجمہ: اور تمام مؤمن مَردوں اور عورتوں کی بخشش فرما۔

2 ......ترجمہ: اللہ عزوجل کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں جو صریح سچا بادشاہ ہے۔

3 ......حلیة الاولیاء، ٤١٠ ـ سالم الخواص، الحدیث: ١٢٣١٢، ج٨، ص٣٠٩ بالتغیر.

4 ......ترجمہ: اللہ کے نام سے جو بہت مہربان رحمت والا، گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی توفیق اللہ کی طرف سے ہے جو کبریائی اور بڑائی والا ہے۔

5 ......بعض مطبوعوں میں اس دعا کی کوئی تعداد مذکور نہیں اور بعض میں گیارہ بار تحریر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

6 ...... قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمۡ یَلِدۡ ۬ۙ وَ لَمۡ یُوۡلَدۡ ۙ﴿۳﴾ وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾ (پ٣٠، الاخلاص)
ترجمۂ کنزالایمان: تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی۔

7 ......الد ر المنثور، سورة الاخلاص، ج ٨، ص ٦٨١

8 ......ترجمہ: اے حی! اے قیوم! تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

﴿4﴾ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ (1) تین بار

جنون، جذام وبرص ونابینائی سے بچے۔ (2)

﴿5﴾ تلاوتِ قرآن عظیم کم ازکم ایک پارہ، حتی الامکان طلوعِ شمس سے پہلے ہو اور اگر آفتاب نکل آئے تو ٹھہر جائے اور ذکر واذکار کرے یہاں تک کہ آفتاب بلند ہو جائے۔ جن تین وقتوں میں نماز ناجائز ہے تلاوت بھی مکروہ ہے۔

﴿6﴾ دلائل الخیرات ایک حزب

﴿7﴾ شجرہ شریف۔ دلائل وشجرہ قبلِ طلوع ہوں یا بعدِ طلوع۔

پانچوں نمازوں کے بعد

﴿1﴾ آیۃ الکرسی (3) ایک ایک بار

مرتے ہی داخلِ جنت ہو۔ (4)

---

(1)……ترجمہ: پاک ہے اللہ بڑی عظمت والا اپنی تعریف کے ساتھ۔

(2)……المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث قبیصۃ بن مخارق، الحدیث: ۲۰۶۲۵، ج۷، ص ۳۵۲

(3)…… اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۚ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ﴿۲۵۵﴾ (پ۳، البقرۃ: ۲۵۵)

ترجمۂ کنزالایمان: اللہ ہے جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ آپ زندہ اوراوروں کا قائم رکھنے والا اسے نہ اونگھ آئے نہ نیند اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں وہ کون ہے جو اسکے یہاں سفارش کرے بے اسکے حکم کے جانتا ہے جو کچھ انکے آگے ہے اور جو کچھ انکے پیچھے اور وہ نہیں پاتے اسکے علم میں سے مگر جتنا وہ چاہے اسکی کرسی میں سمائے ہوئے ہیں آسمان اور زمین اور اسے بھاری نہیں انکی نگہبانی اور وہی ہے بلند بڑائی والا

(4)……مشکاۃ المصابیح، کتاب الصلاۃ، باب الذکر بعد الصلاۃ، الحدیث: ۹۷۴، ج۱، ص ۱۹۷

﴿2﴾ اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ (1) تین تین بار، گناہ معاف ہوں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ (2)

﴿3﴾ تسبیح حضرت سیدتنا زہرا رضی اللہ تعالٰی عنہا

''سُبْحٰنَ اللهِ'' تینتیس بار ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ'' تینتیس بار ''اَللهُ اَکْبَرُ'' چونتیس بار، اخیر میں لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (3) ایک بار

اس دن تمام جہاں میں کسی کا عمل اس کے برابر بلند نہ کیا جائے گا مگر اس کا جو اس کے مثل پڑھے۔ (4)

﴿4﴾ ماتھے پر دہنا ہاتھ رکھ کر بِسْمِ اللهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّی الْهَمَّ وَالْحُزْنَ (5)

---

1 ...... ترجمہ: میں مغفرت طلب کرتا ہوں اللہ عزوجل سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ ہے قائم رکھنے والا ہے اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔

2 ...... سنن الترمذی، احادیث شتی، ۱۱۷۔باب، الحدیث: ۳۵۸۸، ج۵، ص۳۳۶ وعمل الیوم واللیلة لابن السنی، باب مایقول فی دبر الصلاة الصبح، الحدیث: ۱۳۷، ص۵۱

3 ...... ترجمہ: اللہ عزوجل پاک ہے، سب خوبیاں اللہ عزوجل کے لیے ہیں، اللہ عزوجل سب سے بڑا ہے، اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے ہے بادشاہی اور اسی کے لیے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

4 ...... الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل فی القنوت، ذکر البیان بانّ التسبیح والتحمید... الخ، الحدیث: ۲۰۱۲، ج۳، ص۲۳۱

5 ...... ترجمہ: اللہ عزوجل کے نام سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ رحمٰن ورحیم ہے، اے اللہ! عزوجل مجھ سے غم وملال دور فرما۔ (مجمع الزوائد، کتاب الاذکار، باب الدعا فی الصلاة وبعدها، الحدیث: ۱۶۹۷۱، ج۱۰، ص۱۴۴)

ہر غم و پریشانی سے بچے، فقیر اس کے بعد اتنا زائد کرتا ہے: وَعَنْ اَھْلِ السُّنَّةِ (1)

﴿5﴾ پنج گنج قادریہ، برکات بے شمار ہیں۔

بعد نمازِ فجر "یَا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ"

بعد نمازِ ظہر "یَا کَرِیْمُ یَا اَللّٰہُ"

بعد نمازِ عصر "یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰہُ"

بعد نمازِ مغرب "یَا سَتَّارُ یَا اَللّٰہُ"

بعد نمازِ عشاء "یَا غَفَّارُ یَا اَللّٰہُ"

سو مرتبہ۔

اللہ عزوجل کے نزدیک سب سے بہتر اور پاکیزہ عمل

حضرت سیدنا ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "کیا میں تمہیں تمہارے اس عمل کے بارے میں نہ بتاؤں جو تمہارے رب عزوجل کے نزدیک سب سے بہتر اور پاکیزہ ہے، تمہارے درجات میں سب سے اونچا اور تمہارے لئے سونا اور چاندی خرچ کرنے سے بہتر ہے، تمہارے لئے دشمنوں سے لڑنے اور ان کی گردنیں کاٹنے یا اپنی گردن کٹوانے سے بہتر ہے؟" صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا: "ضرور ارشاد فرمائیں" آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: **"اللہ عزوجل کا ذکر"**۔

(سنن الترمذی، الحدیث: ۳۳۸۸، ج ۵، ص ۲۴۶)

---

1 ......ترجمہ: اور اہلِ سنت سے (غم وملال دور فرما)۔

نمازِ صبح وعصر کے بعد

﴿1﴾ بغیر پاؤں بدلے، بغیر کلام کیے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ وَھُوَعَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (1) دس دس بار

ہر بلا وآفت وشیطان ومکروہات سے بچے، گناہ معاف ہوں، اس کے برابر کسی کی نیکیاں نہ نکلیں۔ (2)

﴿2﴾ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ (3) سات سات بار

دوزخ دعا کرے کہ الٰہی اسے مجھ سے بچا۔ (4)

نمازِ صبح کے بعد

﴿1﴾ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ کُلَّ مُھِمٍّ مِّنْ حَیْثُ شِئْتَ وَمِنْ اَیْنَ شِئْتَ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِدِیْنِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِدُنْیَایَ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَآ اَھَمَّنِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ بَغٰی عَلَیَّ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ حَسَدَنِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ کَادَنِیْ بِسُوْٓءٍ حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمَسْاَلَۃِ فِی الْقَبْرِ حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمِیْزَانِ حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الصِّرَاطِ حَسْبِیَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ

---

1 ...... ترجمہ: اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اس کیلئے مُلک وحمد ہے، اسی کے ہاتھ میں خیر ہے، وہ زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند الشامیین، الحدیث: ١٨٠١٢، ج٦، ص ٢٨٩

3 ......ترجمہ: اے اللہ! عزوجل مجھے دوزخ کی آگ سے بچا۔

4 ......مسند ابی یعلی، مسند ابی ھریرۃ، الحدیث: ٦١٦٤، ج٥، ص ٣٧٨

وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيم (1) ایک بار، یا تین بار

ہر مشکل آسان ہو، سب پریشانیاں دور ہوں، ایمان سلامت رہے، اللہ تعالیٰ ہر جگہ مدد فرمائے، دشمن برباد ہوں، حاسد اپنی آگ میں جلیں، نزع آسان ہو، قبر میں شاداں ہو، نیکیوں کا پلہ بھاری ہو، صراط پر سہل جاری ہو۔

﴿2﴾ بعد نماز صبح بغیر پاؤں بدلے بیٹھا ہوا ذکرِ الٰہی میں مشغول رہے یہاں تک کہ آفتاب بلند ہو یعنی طلوعِ کنارۂ شمس کو بیس پچیس منٹ گزر جائیں اس وقت دو رکعت نمازِ نفل پڑھے پورے حج وعمرہ کا ثواب لے کر پلٹے۔ (2)

نمازِ مغرب کے بعد

فرض پڑھ کر چھ رکعتیں ایک ہی نیت سے، ہر دو رکعت پر اَلتَّحِیَّاتُ ودُرود ودُعا اور پہلی، تیسری، پانچویں "سُبْحٰنَكَ اللّٰھُمَّ" سے شروع کرے، ان میں

---

1 ......ترجمہ: اے اللہ عزوجل تو جیسے اور جہاں سے چاہے میرے ہر معاملے میں مجھے کفایت فرما، میرے دین کیلئے اللہ عزوجل مجھے کافی ہے، میری دنیا کیلئے اللہ عزوجل مجھے کافی ہے، میرے ہر پریشان کُن معاملے میں اللہ عزوجل مجھے کافی ہے، مجھ پر سرکشی کرنے والے کیلئے اللہ عزوجل مجھے کافی ہے، مجھ سے حسد کرنے والے کیلئے اللہ عزوجل مجھے کافی ہے، جو مجھے نقصان پہنچانے کا ارادہ کرے اس کیلئے اللہ عزوجل مجھے کافی ہے، نزع کی تکالیف کیلئے اللہ عزوجل مجھے کافی ہے، قبر میں سوالات کے وقت اللہ عزوجل مجھے کافی ہے، میزانِ عمل کے وقت اللہ عزوجل مجھے کافی ہے، پل صراط سے گزرتے وقت اللہ عزوجل مجھے کافی ہے، مجھے اللہ عزوجل کافی ہے جس کے سوا کسی کی بندگی نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔

2 ......سنن الترمذی، کتاب السفر، باب ذکر ما یستحب من الجلوس... الخ، الحدیث: ٥٨٦، ج٢، ص ١٠٠

پہلی دو سنتِ مؤکدہ ہوں گی، باقی چار نفل۔ یہ صلوٰۃِ اَوّابین ہے اور اللہ اوّابین کیلئے غفور ہے۔(1)

شب میں (یعنی غروبِ شمس سے طلوعِ صبح تک جس وقت ہو)

﴿1﴾ **سورۂ مُلک**

عذابِ قبر سے نجات ہے۔(2)

﴿2﴾ **سورۂ یٰسٓ**

مغفرت ہے۔(3)

﴿3﴾ **سورۂ واقعہ**

فاقہ سے امان ہے۔(4)

﴿4﴾ **سورۂ دخان**

صبح اس حال میں اُٹھے کہ ستر ہزار فرشتے اس کے لئے استغفار کرتے ہوں۔(5)

---

❶......الدر المختار ورد المحتار، کتاب الصلاۃ،باب الوتر والنوافل،مطلب فی السنن والنوافل، ج۲،ص۵٤۷ والمعجم الاوسط للطبرانی،باب المیم،الحدیث:۷۲٤۵،ج۵،ص۲۵۵

❷......سنن الترمذی، کتاب فضائل القرآن، باب ماجاء فی فضل سورۃ الملک،الحدیث:۲۸۹۹، ج٤،ص٤۰۷

❸......شعب الایمان للبیهقی، باب فی تعظیم القرآن، فصل فی فضائل السور و الآیات، الحدیث:۲٤۵۸،ج۲،ص٤۷۹

❹......شعب الایمان للبیهقی، باب فی تعظیم القرآن، فصل فی فضائل السور و الآیات، الحدیث:۲٤۹۷،ج۲،ص٤۹۱

❺......سنن الترمذی، کتاب فضائل القرآن، باب ماجاء فی فضل حم الدخان، الحدیث:۲۸۹۷، ج٤،ص٤۰٦

بعد نمازِ عشاء
